www.darulehsanpublications.com

فضائل و مسائل ذیقعدۃ النجیب

حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی روزہ رکھے ایک دن ذیقعدہ کے مہینہ میں لکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے واسطے ہر ساعت میں ثواب حج کے قبول ہونے کا اور ہر دم کے ساتھ آزاد کرنا غلام کا۔ (رسالہ فضائل الشہور)

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ اس مہینہ کے اندر ایک ساعت عبادت کی بہتر ہے ہزار برس کی عبادت سے۔ اور فرمایا کہ اس مہینہ میں دو شنبہ یعنی پیر کے دن روزہ افضل ہے ہزار برس کی عبادت سے۔ (رسالہ فضائل الشہور)

حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو کوئی اوّل رات ذیقعدہ میں چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تیئس (۲۳) بار سورہ اخلاص پڑھے تو اس کے لیئے اللہ تعالیٰ جنت میں چار ہزار مکان یاقوت سرخ کے بنادے گا اور ہر مکان کے اندر جواہر کے تخت ہوں گے اور اوپر ہر تخت کے ایک حور بیٹھی ہو گی کہ پیشانی اس کی آفتاب سے زیادہ روشن ہو گی۔ (رسالہ فضائل الشہور)

ایک روایت میں ہے کہ ہر رات میں ذیقعدہ کی دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین بار پڑھے تو اس نے حاصل کیا ثواب ہر رات کو ایک شہید اور ایک حج کا اور جو کوئی پڑھے ہر جمعہ میں اس مہینہ کے چار رکعت ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص اکیس (۲۱) بار پڑھے لکھتا ہے اللہ تعالیٰ واسطے اس کے ثواب حج اور عمرے کا۔ (رسالہ فضائل الشہور)